روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 24 فروری 2010ء 9 ربیع الاول 1431 ہجری 24 تبلیغ 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 43

## دجال کا علاقہ اور مذہب

آنحضرت ﷺ کے ایک صحابی تمیم داریؓ نے دجال کو ایک مغربی جزیرہ کے گرجے میں مقید دیکھا اور اس نے کہا: قریب ہے کہ مجھے خروج کی اجازت دے دی جائے۔

صحیح مسلم کتاب الفتن باب قصۃ الجساسۃ حدیث نمبر 5235

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

**۱۲۶۔نشان۔** لودہانہ میں ایک صاحب میر عباس علی نام تھے جو بیعت کرنے والوں میں داخل تھے چند سال تک انہوں نے اخلاص میں ایسی ترقی کی کہ اُن کی موجودہ حالت کے لحاظ سے ایک دفعہ الہام ہوا............... اس الہام سے صرف اس قدر مطلب تھا کہ اُس زمانہ میں وہ راسخ الاعتقاد تھے اور ایسے ہی انہوں نے اُس زمانہ میں آثار ظاہر کئے کہ اُن کے لئے بجز میرے ذکر کے اور کوئی ورد نہ تھا اور ہر ایک میرے خط کو نہایت درجہ متبرک سمجھ کر اپنے ہاتھ سے اُس کی نقل کرتے تھے اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کرتے تھے اور اگر ایک خشک ٹکڑا بھی دسترخوان کا ہوتو متبرک سمجھ کر کھا جاتے تھے اور سب سے پہلے لدھیانہ سے وہی قادیان میں آئے تھے ایک مرتبہ مجھ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے دکھایا گیا کہ عباس علی ٹھوکر کھائے گا اور برگشتہ ہو جائے گا وہ میرا خط بھی اُنہوں نے میرے ملفوظات میں درج کر لیا بعد اس کے جب اُن کی ملاقات ہوئی تو انہوں نے مجھ کو کہا کہ مجھ کو اس کشف سے جو میری نسبت ہوا بڑا تعجب ہوا کیونکہ مَیں تو آپ کے لئے مرنے کو تیار ہوں میں نے جواب دیا کہ جو کچھ آپ کے لئے مقدر ہے وہ پورا ہوگا۔ بعد اس کے جب وہ زمانہ آیا کہ میں نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تو وہ دعویٰ اُن کو ناگوار گذرا۔ اول دل ہی دل میں پیچ و تاب کھاتے رہے بعد اس کے اس مباحثہ کے وقت کہ جو مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب سے لدھیانہ میں میری طرف سے ہوا تھا اور اس تقریب سے چند دن اُن کو مخالفوں کی صحبت بھی میسر آ گئی تو نوشتۂ تقدیر ظاہر ہو گیا اور وہ صریح طور پر بگڑ گئے اور پھر ایسے بگڑے کہ وہ یقین دل کا اور وہ نورانیت مُنہ کی جو تھی وہ سب جاتی رہی اور ارتداد کی تاریکی ظاہر ہوگئی اور مُرتد ہونے کے بعد ایک دن وہ لدھیانہ میں پیر افتخار احمد صاحب کے مکان پر مجھے ملے اور کہنے لگے کہ آپ کا اور ہمارا اس طرح پر مقابلہ ہوسکتا ہے کہ ایک حجرہ میں ہم دونوں بند کئے جائیں اور دس دن تک بند رہیں پھر جو جھوٹا ہوگا مر جائے گا میں نے کہا میر صاحب ایسی خلاف شرع آزمائشوں کی کیا ضرورت ہے کسی نبی نے خدا کی آزمائش نہیں کی مگر مجھے اور آپ کو خدا دیکھ رہا ہے وہ قادر ہے کہ بطور خود جھوٹے کو سچے کے روبرو ہلاک کر دے اور خدا کے نشان تو بارش کی طرح برس رہے ہیں اگر آپ طالب صادق ہیں تو قادیان میں میرے ساتھ چلیں جواب دیا کہ میری بیوی بیمار ہے میں جا نہیں سکتا اور شائد یہ جواب دیا کہ کسی جگہ گئی ہوئی ہے یاد نہیں رہا۔ میں نے کہا کہ اب بس خدا کے فیصلہ کے منتظر رہو پھر اُسی سال میں وہ فوت ہوگئے اور کسی حجرہ میں بند کئے جانے کی ضرورت نہ رہی پس یہ خوف کا مقام ہے کہ آخر عباس علی کا کیا انجام ہوا اور اس قدر ترقی کے بعد ایک ہی دَم میں تنزل کے گڑھے میں پڑ گیا۔.......... میں نے اُس کی وفات کے بعد اُس کو ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ سیاہ کپڑے پہنے ہوئے ہے (جو سر سے پیر تک سیاہ ہیں) اور مجھ سے قریباً سو قدم کے فاصلہ پر کھڑا ہے اور مجھ سے مدد کے طور پر کچھ مانگتا ہے میں نے جواب دیا کہ اب وقت گذر گیا اب ہم میں اور تم میں بہت فاصلہ ہے تو میرے تک پہنچ نہیں سکتا۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 307)

## حقیقۃ الوحی کا پرچہ جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع

حقیقۃ الوحی کا پرچہ مرکز میں جمع کروانے کی تاریخ میں 5 مارچ 2010ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ تمام احباب وخواتین جنہوں نے تاحال پرچہ حل کر کے نہیں بھجوایا وہ 5 مارچ تک حل کر کے بھجوا دیں۔ آپ مقامی مربی صاحب سے پرچہ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

## ضرورت اساتذہ

نظارت تعلیم کے ادارہ ''ناصر ہائی سکول'' دارالیمن وسطی ربوہ کو مندرجہ ذیل مضامین کیلئے خدمت کا شوق رکھنے والے احمدی مرد اساتذہ کی ضرورت ہے مذکورہ اہلیت کے حامل احمدی اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلّہ/امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول مورخہ 28 فروری 2010ء تک نظارت تعلیم میں جمع کروا دیں۔ واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیر غور لایا جائے گا۔

فزکس، بیالوجی، کیمسٹری اور ریاضی کے مضامین کیلئے ایم ایس سی / بی ایس سی، مطالعہ پاکستان کیلئے ایم اے اور انگریزی کیلئے ایم اے/بی اے + ڈپلومہ تعلیمی قابلیت ہوگی۔ تجربہ کو ترجیح دی جائے گی۔

(نظارت تعلیم)

## درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

مکرم شمشاد احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ امریکہ

# امریکہ کے مغربی ساحل کا 24واں جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل کے ساتھ امریکہ کی ویسٹ کوسٹ کی جماعتوں کا 24واں سالانہ جلسہ مورخہ 25 تا 27 دسمبر 2009ء کو بیت الحمید لاس اینجلس میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں 1161 سے زائد حاضری تھی جبکہ اس سے پہلے یہ حاضری 550 تھی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 37 جماعتوں کے احباب اس جلسہ میں شامل ہوئے۔

یہ جلسہ 2002ء کے بعد پہلی مرتبہ بیت الحمید میں منعقد ہوا۔ کیونکہ 2003ء میں بیت الذکر کا کچھ حصہ جل گیا تھا۔ جلسہ کے انعقاد سے قبل خاکسار نے ایک پریس ریلیز بنوا کر بھجوائی جو متعدد اخبارات میں شائع ہوئی جس سے علاقہ میں جلسہ کا خوب چرچا ہوا۔ پارکنگ کے حوالے سے ہمیں چند مشکلات درپیش تھیں۔ چنانچہ جب خاکسار نے چیف پولیس Mr Miles Pruitt سے رابطہ کیا۔ تو وہ خود ہماری بیت الذکر تشریف لائے اور بعض ملحقہ سڑکوں پر پارکنگ کی اجازت ممنون فرمائی۔ اسی طرح ہمارے قریبی مارمن چرچ نے بھی ہمیں اپنی پارکنگ کی جگہ الاٹ کر دی۔ 24 دسمبر کو مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب نے انتظامات کا معائنہ فرمایا۔

## آغاز

جلسہ کا آغاز مورخہ 25 دسمبر کو بعد از جمعۃ المبارک ہوا۔ مکرم ڈاکٹر حمید الرحمٰن صاحب نائب امیر اور صدر جماعت لاس اینجلس نے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔

تلاوت قرآن کریم اور اس کے انگریزی ترجمہ کے بعد نظم اور اس کا انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا۔ جلسہ کی پہلی تقریر مکرم ڈاکٹر سید وسیم احمد صاحب نیشنل عاملہ کے سیکرٹری وقف جدید نے ''ذکر الٰہی'' پر کی۔

بعدہ مکرم ارشاد احمد ملہی صاحب مربی سلسلہ ویسٹ کوسٹ نے ''قرآن کریم سیکھنے'' پر تقریر کی۔ اس کے بعد مکرم عاصم انصاری صاحب صدر جماعت اِن لینڈ نے کتب حضرت مسیح موعود کے مطالعہ کی اہمیت کے عنوان پر تقریر کی۔ ازاں بعد نماز مغرب وعشاء ادا کی گئیں اور طعام پیش کیا گیا۔

## واقفین نو کا پروگرام

مورخہ 25 دسمبر کی رات کو مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب مربی انچارج امریکہ کی زیر صدارت واقفین نو کا پروگرام ہوا۔

## دوسرا دن

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ کے دنوں میں نماز تہجد اور درس قرآن مجید اور احادیث اور ملفوظات ہوتے رہے۔ دوسرے دن کی کارروائی کا آغاز مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب کی زیر صدارت ہوا۔ تلاوت قرآن کریم و انگریزی ترجمہ کے بعد نظم اور اس کا ترجمہ پیش کیا گیا۔ اس اجلاس کی پہلی تقریر مکرم ناصر محمود ملک صاحب نیشنل سیکرٹری تربیت امریکہ نے نظام جماعت کی اطاعت کی اہمیت پر کی۔

بعدہ مکرم مولانا اظہر حنیف صاحب مربی سلسلہ سٹیٹ لوئس و نائب امیر امریکہ نے ''احمدیت کے پیغام کو دوسروں تک پہنچانے کا موثر طریق'' پر کی۔ اس اجلاس کی تیسری تقریر خاکسار نے ''خلافت کے ساتھ محبت کا تقاضا کہ ہم خلیفہ وقت کے احکامات پر عمل کریں'' پر کی۔

بعد ازاں مکرم ڈاکٹر نسیم رحمت اللہ صاحب نائب امیر امریکہ و نیشنل سیکرٹری سمعی و بصری نے ''انٹرنیٹ کا استعمال'' کے بارے میں کی۔ پھر مکرم منعم نعیم صاحب جو امریکہ کے نائب امیر اور ہیومینیٹی فرسٹ کے چیئرمین ہیں نے ''خدمت انسانیت'' کے حوالے سے مکرم ڈاکٹر فیضان احمد صاحب کی مدد سے توجہ دلائی۔

## پروگرام لجنہ اماء اللہ

مورخہ 25 دسمبر کی شام لجنہ کا ایک علیحدہ پروگرام ہوا۔ جس کی صدارت محترمہ شہناز بٹ صاحبہ نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ امریکہ نے کی۔ تلاوت و نظم کے بعد درج ذیل عناوین پر تقاریر ہوئیں۔

☆ اللہ تعالیٰ کی صفت الرزاق

☆ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ امن اور صبر کے علمبردار

☆ عورت کا کردار فیملی میں امن قائم کرنے کیلئے

☆ موجودہ نسل کے لئے خلفاء عظام کے ارشادات واحکامات

## دوسرے دن کا دوسرا سیشن

اس سیشن کی صدارت مکرم اظہر حنیف صاحب مربی سلسلہ جماعت احمدیہ امریکہ نے کی۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم ابراہیم نعیم صاحب نے ''حضرت مسیح موعود کی نظر میں آنحضرت ﷺ کا بلند مقام'' پر تقریر کی۔ بعد ازاں مکرم لطیف احمد صاحب نے مالی قربانی کی اہمیت پر تقریر کی۔ پھر مکرم ڈاکٹر خالد احمد عطاء صاحب نیشنل سیکرٹری وصایا نے نظام وصیت پر تقریر کی۔ مکرم سیف الرحمٰن صاحب قائد خدام الاحمدیہ لاس اینجلس نے ''حضرت حافظ حامد علی صاحب کی سیرت وسوانح'' پر تقریر کی۔

## تیسرا اور آخری دن

مورخہ 27 دسمبر کو جلسہ کے آخری دن کی صدارت مکرم ڈاکٹر نسیم رحمت اللہ صاحب نائب امیر امریکہ نے کی۔ تلاوت و نظم کے بعد پہلی تقریر مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب مربی انچارج امریکہ نے ''آنحضرت ﷺ کی خدمت انسانیت'' پر کی۔ ازاں بعد مکرم مرزا احسان نصیر احمد صاحب نیشنل سیکرٹری مال نے رسول خدا ﷺ کی زندگی میں ہونے والے چند واقعات پیش کئے اور پھر حضرت مسیح موعود کی زندگی میں بھی ہونے والے ویسے ہی واقعات بیان کئے۔ پھر مکرم ڈاکٹر احسان اللہ ظفر صاحب امیر جماعت امریکہ کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔ آخر پر گزشتہ سال فوت ہونے والوں کے اسماء گرامی بغرض دعا پیش کئے گئے۔ نیز جلسہ کی رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ دعا کے ساتھ اس جلسے کا اختتام ہوا۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر گوئٹے مالا سے تشریف لائے مکرم عبدالستار خان صاحب مربی سلسلہ نے بھی خطاب کیا۔ اسی طرح جلسہ کے ایام میں ایک سیشن تعلیم اور ایک سیشن واقفین نو کے حوالے سے ہوا۔

دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ سب شاملین جلسہ کو حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کا وارث بنائے اور خلافت سے محبت میں بڑھاتا چلا جائے۔ آمین

## ......محبت کے کنول کھِلتے ہیں

دِل کی دھڑکن میں، تمناؤں میں وہ بستے ہیں
ہاں اسی کیف میں سب شام و سحر کٹتے ہیں

ہر طرف پیار کی خوشبو سی بکھر جاتی ہے
ایک مُسکان لئے جب بھی وہ لب ہلتے ہیں

وہ کہ اک شخص ہے شاداب بہاروں جیسا
جس کے چہرے پہ محبت کے کنول کھلتے ہیں

اس کی باتوں سے فضائیں بھی مہک اُٹھتی ہیں
ایسا لگتا ہے ہواؤں میں گلاب اُگتے ہیں

میرے احساس کی دنیا ہے اُسی سے روشن
وہ مرے دل میں اُجالوں کی طرح رہتے ہیں

کتنے فیضان ملے ہم کو خلافت کے طفیل
ورنہ یہ لعل و گُہر اور کہاں ملتے ہیں

**عبدالصمد قریشی**

«پبلشر و پرنٹر» طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ «مطبع: ضیاء الاسلام پریس» «مقام اشاعت» دارالنصر غربی چناب نگر «ربوہ» قیمت 5 روپے

# 2009ء میں وفات پانے والے چند مرحومین کا تذکرہ

## مرحومین کا تذکرہ تاریخ وفات کے لحاظ سے کیا گیا ہے

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

### مکرم سعید احمد صاحب کوٹری

مکرم سعید احمد صاحب آف کوٹری مورخہ 19 جنوری 2009ء کو بعض نامعلوم افراد کی فائرنگ سے راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ آپ کی عمر 55 سال تھی۔ نہایت شریف النفس، مہمان نواز اور جماعتی خدمت کرنے والے تھے۔ اگلے روز احمدیہ قبرستان گوندل فارم میں آپ کی تدفین ہوئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 23 جنوری 2009ء میں آپ کی شہادت اور شمائل کا ذکر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ بیوہ کے علاوہ دو بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

### مکرم محمد خان رانا صاحب سابق امیر ضلع بہاولنگر

مکرم محمد خان رانا صاحب ایڈووکیٹ سابق امیر ضلع بہاولنگر مورخہ 20 جنوری 2009ء کو 83 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ مورخہ 23 جنوری 2009ء کو بیت اقصیٰ میں آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور بہشتی مقبرہ کے قطعہ بزرگان میں آپ کی تدفین ہوئی۔ آپ 42 سال تک امیر ضلع بہاولنگر رہے۔ آپ ممتاز قانون دان اور معروف وکیل تھے۔ فضل عمر فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر رہے۔ صائب الرائے وجود تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 23 جنوری 2009ء کے خطبہ جمعہ میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور بعدہٗ نماز جنازہ غائب بھی پڑھائی۔ آپ نے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ تین بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ ایک بیٹے ندیم خالد رانا صاحب واقف زندگی ہیں اور یوگنڈا میں خدمات بجالا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی خدمات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ آمین

### مکرمہ سلیمہ بیگم صاحبہ آف میرپور خاص

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کی صاحبزادی، محترم ڈاکٹر عبدالرحمان صاحب صدیقی سابق امیر ضلع میرپور خاص کی اہلیہ، محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب شہید امیر ضلع میرپور خاص کی والدہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ سابق صدر لجنہ میرپور خاص مورخہ 2 فروری 2009ء کو 87 سال کی عمر میں وفات پاگئیں۔ 5 فروری 2009ء کو بہشتی مقبرہ ربوہ کے قطعہ بزرگان میں تدفین ہوئی۔ آپ 37 سال تک میرپور خاص کی صدر لجنہ رہیں۔ لجنہ کے علاوہ آپ کو میرپور خاص کے سوشل حلقوں میں بھی کام کا موقعہ ملا اور اپوا APWA میرپور خاص کی 15 سال فنانس و جنرل سیکرٹری رہیں۔ آپ کا تعلیمی کیریئر بھی شاندار تھا اور بڑے اعزاز کے ساتھ میٹرک، ایف اے، بی اے اور پھر ایم اے عربی پاس کیا۔ آپ کا ایک ہی بیٹا تھا جس نے شہادت کا رتبہ پایا۔ حضور انور نے خطبہ جمعہ 6 فروری 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### مکرم مبشر احمد صاحب کراچی

مکرم مبشر احمد صاحب ابن مکرم محمود احمد صاحب بشیر آباد سندھ حال منگھوپیر کراچی 20 فروری 2009ء کو مخالفین کی فائرنگ سے راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ فیکٹری کی ملازمت سے واپس آتے ہوئے ایک مدرسہ کے قریب آپ پر فائرنگ ہوئی جس کے نتیجہ میں آپ قربان ہوگئے۔ مرحوم کی عمر 42 سال تھی۔ موصی اور فعال جماعتی کارکن تھے۔ اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ 27 فروری 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کا حامی و ناصر ہو۔

### مکرم برادر منیر حامد صاحب آف امریکہ

ایفروامریکن احمدی بھائی مکرم منیر حامد صاحب 21 فروری 2009ء کو 70 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ 1957ء میں 15 سال کی عمر میں احمدیت قبول کی۔ امریکہ کے پہلے نیشنل قائد خدام الاحمدیہ ہونے کا اعزاز ملا۔ 1997ء سے وفات تک امریکہ کے نائب امیر کے طور پر کام کی توفیق ملی۔ حضرت مسیح موعود کی کتاب ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' پڑھ کر احمدی ہوئے۔ اپنے بہن بھائیوں میں اکیلے احمدی تھے۔ سادہ منکسر المزاج تھے۔ جماعتی جلسوں میں مؤثر انداز میں تقریر کرتے۔ پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ ایک بیٹا اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔ حضور انور ایدہ اللہ نے خطبہ جمعہ 27 فروری 2009ء میں آپ کے شمائل کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### مکرم محمود احمد صاحب عارف درویش قادیان

محترم محمود احمد صاحب عارف درویش قادیان مورخہ 25 فروری 2009ء کو 84 سال کی عمر میں قادیان میں وفات پاگئے۔ آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ قادیان کے قطعہ درویشاں میں ہوئی۔ آپ نے بطور ناظر مال آمد و خرچ کے علاوہ متعدد عہدوں پر خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کے ایک بیٹے نصیر احمد عارف صاحب مربی سلسلہ ہیں۔ آپ نے پسماندگان میں تین بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ 27 فروری 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

### مکرم ڈاکٹر شیراز احمد باجوہ صاحب اور مکرمہ ڈاکٹر نورین رشید صاحبہ ملتان

مورخہ 14 مارچ 2009ء کو معروف آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر شیراز احمد باجوہ صاحب بعمر 37 سال اور ان کی اہلیہ مکرمہ ڈاکٹر نورین رشید صاحبہ بعمر 29 سال کو نامعلوم افراد نے ان کے گھر ملتان میں راہ مولیٰ میں قربان کر دیا۔ مورخہ 16 مارچ 2009ء کو مرحومین کی نماز جنازہ بیت مبارک ربوہ میں ادا کی گئی۔ دونوں میاں بیوی اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ امانتاً تدفین قبرستان عام ربوہ میں ہوئی۔ ڈاکٹر شیراز باجوہ صاحب نے 10 ماہ فضل عمر ہسپتال میں بھی خدمات سرانجام دیں۔ اس طرح نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن و آئی بینک کی مرکزی عاملہ میں بھی رہے۔ ڈاکٹر نورین صاحبہ ہونہار قابل اور لائق تھیں۔ آپ امراض بچگان کی ماہر تھیں۔ دینی مطالعہ بھی بہت تھا۔ حضور انور نے اپنے خطبہ 20 مارچ 2009ء دونوں کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ دونوں مرحومین کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

### مکرم ڈاکٹر محمد اسلم جہانگیری صاحب

مکرم ڈاکٹر محمد اسلم جہانگیری صاحب امیر جماعت احمدیہ ہزارہ ڈویژن مورخہ 15 مارچ 2009ء کو 74 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ 16 مارچ کو بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔ 1971ء تا 1974ء مجلس نصرت جہاں کے تحت سیرالیون میں وقف عارضی کیا۔ 1991ء سے امیر ہزارہ ڈویژن کے عہدہ پر فائز تھے۔ انتہائی مہمان نواز، واقفین سے محبت رکھنے والے اور دلیر آدمی تھے۔ چندہ ماہ قبل آپ پر کلینک میں قاتلانہ حملہ ہوا۔ گہرے زخم آئے لیکن صبر سے برداشت کیا۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑے۔ حضور انور ایدہ اللہ نے مورخہ 20 مارچ 2009ء کے خطبہ جمعہ میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔

### مکرم غلام مصطفیٰ صاحب ASI لاہور

مکرم غلام مصطفیٰ صاحب آف لاہور ASI پولیس ریسکیو 15 مورخہ 27 مئی 2009ء کو لاہور میں ڈیوٹی کے دوران خودکش حملہ میں وطن کی خاطر شہید ہوگئے۔ ان کی عمر 49 سال تھی۔ پابند نماز اور جماعت سے پختہ تعلق رکھتے تھے۔ نظام وصیت سے بھی منسلک تھے۔ اگلے روز ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ اہلیہ کے علاوہ تین بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 5 جون 2009ء میں آپ کا ذکر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی قربانی کو قبول کرتے ہوئے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کا حامی و ناصر ہو۔

### مکرم میاں لئیق احمد طارق صاحب آف فیصل آباد

فیصل آباد کے معروف احمدی تاجر مکرم میاں لئیق احمد طارق صاحب کو مورخہ 28 مئی 2009ء کو فائرنگ کر کے راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا۔ آپ کی عمر 54 سال تھی۔ آپ چاولوں کی تجارت کرتے تھے اور جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ آپ اس وقت جماعت فیصل آباد کے سیکرٹری جائیداد تھے۔ حلقہ پیپلز کالونی کے صدر بھی رہے۔ اپنوں اور غیروں میں ہردلعزیز شخصیت کے مالک تھے۔ میڈیکل کیمپس لگانے اور غریبوں کی مدد کرنے والے تھے اور مالی قربانی میں بہت آگے تھے۔ آپ کی تدفین ربوہ میں ہوئی۔ آپ نے پسماندگان میں والدہ اور اہلیہ کے علاوہ تین بیٹیاں اور دو بیٹے یادگار چھوڑے۔ حضور انور

ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ 5 جون 2009ء میں ان کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کا حامی و ناصر ہو۔

## مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمان صاحب
## سابق امیر ضلع ساہیوال

سابق امیر صاحب شہر و ضلع ساہیوال مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمان صاحب مورخہ 5 جون 2009ء کو بقضائے الٰہی 95 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے نصف صدی سے زائد عرصہ تک جماعتی خدمات سرانجام دیں۔ جماعتی خدمات کے علاوہ انسانی فلاحی خدمات بھی بلاتمیز رنگ و نسل و مذہب کیا کرتے تھے اور تاحیات اس کا سلسلہ جاری رکھا۔ ساہیوال کی معروف سماجی شخصیت تھے۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ 12 جون 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ آپ نے اپنے گاؤں میں ایک فلاحی ہسپتال بھی قائم کیا ہوا تھا۔ 2003ء میں ایمنسٹی انٹرنیشنل نے آپ کو Man of the Year کا ایوارڈ بھی دیا تھا۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ چھ بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔

## مکرم چوہدری فضل احمد
## صاحب افسر خزانہ

افسر خزانہ صدر انجمن احمدیہ مکرم چوہدری فضل احمد صاحب مورخہ 7 جون 2009ء کو 65 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ 1944ء میں لودھی ننگل میں پیدا ہوئے۔ بی اے کرنے کے بعد زندگی وقف کی۔ نائب ناظر مال، ناظم جائیداد اور پھر 25 سال افسر خزانہ رہے۔ مورخہ 9 جون 2009ء کو آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ حضور انور نے اپنے خطبہ 12 جون 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔

## مکرم میجر افضال احمد
## صاحب شہید

پاکستانی فوج کے بہادر افسر محترم میجر افضال احمد صاحب مورخہ 19 جون 2009ء کو باجوڑ جنوبی وزیرستان میں پیشہ وارانہ شجاعت اور فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے ارض پاکستان کے لئے شہید ہوگئے۔ بوقت شہادت عمر 33 سال تھی۔ میت بذریعہ ہیلی کاپٹر پشاور لائی گئی اور پھر براستہ موٹروے سرگودھا پہنچی جہاں فوجی اعزاز کے ساتھ میت ربوہ لائی گئی۔ بیت مبارک میں نماز جنازہ ادا کی گئی جس کے بعد پورے فوجی اعزاز کے ساتھ آپ کو سپرد خاک کیا گیا۔ آپ 7 نومبر 1976ء کو پیدا ہوئے آپ کے والد کا نام اقبال احمد بھٹی تھا۔ راولپنڈی سے میٹرک اور نصرت جہاں اکیڈمی سے ایف ایس سی کیا اور فوج میں کمیشن حاصل کیا۔ پسماندگان میں والدہ بہن بھائیوں کے علاوہ اہلیہ اور دو کم سن بچے بیٹی اور بیٹا یادگار چھوڑے۔ اللہ تعالیٰ سپوت پاکستان کی قربانی کو قبول فرمائے اور شہید کے درجات بلند فرمائے۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 26 جون 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## محترمہ صاحبزادی
## امۃ القیوم صاحبہ

حضرت مسیح موعود کی پوتی، حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی نواسی، حضرت مصلح موعود کی بیٹی اور حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب سابق امیر جماعت امریکہ کی اہلیہ محترمہ صاحبزادی امۃ القیوم صاحبہ مورخہ 23 جون 2009ء کو واشنگٹن میں بعمر 92 سال وفات پاگئیں۔

2 اکتوبر 1917ء کو قادیان میں پیدا ہوئیں۔ آپ کی شادی 1939ء میں ہوئی۔ اپنے مصروف الاوقات شوہر ایم ایم احمد صاحب کے ساتھ خدمات سرانجام دینے کے علاوہ آپ 1974ء سے چند سال واشنگٹن کی صدر لجنہ رہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے آپ کو لجنہ اماء اللہ امریکہ کا تاحیات اعزازی ممبر بنایا تھا۔ بہت محنتی مخلص، مہمان نواز اور شفقت کرنے والی بابرکت شخصیت تھیں۔ آپ کی میت امریکہ سے ربوہ لائی گئی اور مورخہ 29 جون 2009ء کو آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور بہشتی مقبرہ ربوہ کے احاطہ خاص میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ 26 جون 2009ء میں آپ کے شمائل و فضائل کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## مکرم خالد رشید صاحب
## اور ظفر اقبال صاحب کوئٹہ

مکرم خالد رشید صاحب بعمر 45 سال اور مکرم ظفر اقبال صاحب بعمر 50 سال ساکنان کوئٹہ مورخہ 24 جون 2009ء نامعلوم افراد کی فائرنگ سے راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ مکرم خالد رشید صاحب کی نماز جنازہ کوئٹہ میں ادا ہوئی اور وہیں تدفین ہوئی جبکہ ظفر اقبال صاحب کی تدفین ربوہ میں ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ آپ دونوں کا تذکرہ اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 26 جون 2009ء میں فرمایا اور نماز جنازہ غائب بھی پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ دونوں مرحومین کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کا حامی و ناصر ہو۔

## مکرم محمود احمد چیمہ صاحب
## مربی سلسلہ

انڈونیشیا میں 33 سال تک خدمت کی توفیق پانے والے دیرینہ خادم محترم محمود احمد چیمہ صاحب مربی سلسلہ مورخہ 14 جولائی 2009ء کو 81 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ اگلے روز آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ 6 اگست 1926ء کو پیدا ہوئے۔ 1952ء میں شاہد پاس کیا۔ 1955ء میں سیرالیون تشریف لے گئے۔ 1962ء تا 1966ء مغربی جرمنی میں کام کیا۔ 1969ء میں انڈونیشیا روانہ ہوئے جہاں 1991ء تک امیر و مشنری انچارج رہے۔ اس کے بعد وہاں پرنسپل جامعہ احمدیہ رہے۔ 2002ء میں انڈونیشیا سے واپسی ہوئی۔ بہت سادہ طبیعت کے مالک تھے۔ انڈونیشیا میں مختلف دینی موضوعات پر 15 کتب تالیف کیں۔ انڈونیشیا قیام کے دوران قریبی ممالک سنگاپور، فلپائن، تھائی لینڈ، ملائیشیا کی جماعتوں کے دورے بھی کئے۔ پسماندگان میں چار بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ 17 جولائی 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

## مکرم سجاد احمد صاحب
## مربی سلسلہ

مکرم سجاد احمد صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت مورخہ 26 جولائی 2009ء کو اپنے گھر واقع ناصر آباد شرقی میں بعض نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگئے۔ ان کی عمر 44 سال تھی۔ اگلے روز جنازہ ہوا۔ امانتاً تدفین قبرستان عام میں ہوئی۔ بیوہ کے علاوہ ایک بیٹا اور بیٹی یادگار چھوڑے۔ 1990ء میں شاہد پاس کیا۔ 9 سال تک مختلف جماعتوں میں اور پھر دس سال سے نظارت اشاعت میں کام کر رہے تھے۔ مورخہ 7 اگست 2009ء کو حضور انور نے نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ مغفرت کا سلوک فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## مکرم چوہدری عنایت اللہ
## صاحب واقف زندگی

مکرم چوہدری عنایت اللہ صاحب طارق واقف زندگی سابق انسپکٹر خدام الاحمدیہ مورخہ 4 اگست 2009ء کو لندن میں وفات پاگئے۔ حضور انور نے اپنے خطبہ 7 اگست 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ حاضر پڑھائی۔ آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ آپ کو نصف صدی تک خدمت سلسلہ کی توفیق ملی۔ پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ تین بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ آپ کے ایک بیٹے مکرم فضل اللہ طارق صاحب مربی سلسلہ امیر و مشنری انچارج فجی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔

## مکرم رانا عطاء الکریم نون
## صاحب آف ملتان

شاہ رکن عالم ملتان کے ایک مخلص احمدی محترم رانا عطاء الکریم نون صاحب مورخہ 6 اگست 2009ء کو مخالفین کی فائرنگ سے 36 سال کی عمر میں راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ 7 اگست 2009ء کو ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ پڑھے لکھے اور کاروباری آدمی تھے۔ جمال والا کھاکھی میں صدر جماعت بھی رہے۔ آپ کے والدین حیات ہیں۔ اہلیہ کے علاوہ ایک بیٹا اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 7 اگست میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور آپ کے بچوں کا حامی و ناصر ہو۔

## محترم طٰہٰ قزق صاحب
## آف اردن

مخلص عرب احمدی محترم طٰہٰ قزق صاحب مورخہ 12 اگست 2009ء کو وفات پاگئے۔ آپ اردن سے تعلق رکھتے تھے اور حیفا کی معروف قزق فیملی سے تعلق تھا۔ ان کے والد حیفا کے دوسرے احمدی تھے۔ یہیں سے احمدیت کبابیر میں پھیلی۔ طٰہٰ قزق صاحب کے والد نے خواب کی بنا پر بیعت کی۔ 70ء کی دہائی میں طٰہٰ صاحب نے جلسہ سالانہ ربوہ پر آنا شروع کیا۔ فدائی احمدی تھے۔ 1/8 کے موصی تھے۔ بڑی فراخدلی سے مالی قربانی کرتے۔ تفسیر کبیر کے عربی ترجمہ کا خرچ ادا کیا۔ ان کا گھر جماعت کا مرکز تھا۔ پسماندگان میں تین بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 14 اگست 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور آپ کی اولاد میں بھی اخلاص کا سلسلہ جاری رکھے۔ آمین

## حضرت مولانا دوست محمد شاہد
## صاحب مؤرخ احمدیت

63 سال سے زائد عرصہ تک بھرپور خدمات سلسلہ بجالانے والے جید عالم، مقرر، مصنف اور مؤرخ احمدیت محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخہ 26 اگست 2009ء کو بعمر 82 سال وفات پاگئے۔ اسی دن بعد نماز عصر بہشتی مقبرہ کے قطعہ خاص میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ آپ 3 مئی 1927ء کو پنڈی بھٹیاں میں پیدا ہوئے۔ 1935ء میں

مدرسہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ 1946ء میں مولوی فاضل پاس کیا۔ 1951ء میں شاہد کی ڈگری حاصل کی۔ 1953ء میں حضرت مصلح موعود نے تاریخ احمدیت کی تدوین آپ کے سپرد فرمائی۔ آپ کی مدون شدہ 20 جلدیں تاریخ احمدیت کی منظر عام پر آچکی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کی 40 سے زائد کتب تالیف شدہ ہیں۔ 1974ء میں قومی اسمبلی میں پیش ہونے والے وفد کے ممبر تھے۔ مہتمم اشاعت، مدیر ماہنامہ خالد، جلسہ ہائے سالانہ پر تقاریر، قاضی سلسلہ، ممبر مجلس افتاء اور اسیر راہ مولیٰ کا اعزاز بھی حاصل کیا۔ 1992-93ء میں انٹرنیشنل ببلیوگرافیکل کی طرف سے مین آف دی ایئر کا اعزاز پایا۔ حضرت خلیفہ رابع نے آپ کو حوالوں کا بادشاہ کا خطاب دیا۔ انتھک محنت کرنے والے اور خلافت کے فدائی اور سلطان نصیر تھے۔ آپ کی اہلیہ کی وفات 1990ء میں ہوئی۔ آپ نے ایک بیٹا ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب واقف زندگی فضل عمر ہسپتال، معاون صدر انصاراللہ پاکستان اور پانچ بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ 28/اگست 2009ء میں آپ کا تفصیلی ذکر خیر فرمایا اور آپ کی خدمات کو خراج تحسین پیش فرمایا اور بعدہٗ نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

## مکرم محمد طارق اسلام صاحب مربی سلسلہ کینیڈا

مکرم محمد طارق اسلام صاحب مربی سلسلہ کینیڈا مورخہ 8 ستمبر 2009ء کو مختصر علالت کے بعد بعمر 54 سال وفات پاگئے۔ آپ نے 1978ء میں شاہد پاس کیا۔ اصلاح و ارشاد مقامی و مرکزیہ کے تحت مختلف جماعتوں میں متعین رہے۔ مرکز میں وکالت علیا اور وکالت تبشیر میں کام کیا۔ 1993ء سے تا وفات کینیڈا میں خدمات سرانجام دیں۔ آپ کی تدفین کینیڈا میں ہوئی۔ اہلیہ کے علاوہ چار بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ فرمودہ 11 ستمبر 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## مکرم قریشی محمد اعظم طاہر صاحب اوچ شریف

مکرم قریشی محمد اعظم طاہر صاحب ابن مکرم حکیم محمد افضل فاروقی صاحب آف اوچ شریف مورخہ 26 ستمبر 2009ء کو معاندین کی فائرنگ سے راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ آپ کی عمر 51 سال تھی۔ گزشتہ 19 سال سے ایک سرکاری ہسپتال میں بطور میڈیکل ٹیکنیشن ملازمت کر رہے تھے۔ مخلص احمدی اور خلافت کے فدائی تھے۔ کچھ عرصہ قائد خدام الاحمدیہ اور پھر زعیم انصاراللہ کے طور پر بھی خدمت کی۔ اب بطور سیکرٹری مال خدمت کی توفیق پا رہے تھے۔ آپ کے والد حیات ہیں۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک بیٹی اور تین بیٹے یادگار چھوڑے۔ آپ مکرم محمد اکرم عمر صاحب مربی سلسلہ نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی کے بھائی تھے۔ آپ کی تدفین 28 ستمبر 2009ء کو ربوہ میں ہوئی۔ اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 2/اکتوبر 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے۔

## مکرم چوہدری انور احمد کاہلوں صاحب

مکرم چوہدری انور احمد کاہلوں صاحب سابق امیر جماعت یو۔کے مورخہ 27 ستمبر 2009ء کو بعمر 88 سال انتقال کرگئے۔ آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ آپ نے حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کے ساتھ بطور پرائیویٹ سیکرٹری کام کیا۔ امیر جماعت کلکتہ بھی رہے۔ قیام ڈھاکہ کے دوران آپ امیر ڈھاکہ اور صوبائی نائب امیر ڈھاکہ کے طور پر خدمات بجالاتے رہے۔ پاکستان آکر جنرل مینیجر شاہ تاج شوگر ملز رہے پھر برطانیہ چلے گئے۔ جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ہجرت کرکے برطانیہ گئے تو اس وقت وہاں نیشنل پریذیڈنٹ تھے بعد میں امیر جماعت یو۔کے اور صدر قضاء بورڈ یو۔کے کے طور پر بھی خدمات بجالائے۔ پسماندگان میں دو بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی۔ حضور انور ایدہ اللہ نے خطبہ جمعہ 2/اکتوبر 2009ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے۔

## مکرم مظفر احمد منصور صاحب مربی سلسلہ

مکرم مظفر احمد منصور صاحب مربی سلسلہ مقیم اٹک مورخہ 9/اکتوبر 2009ء کو بعمر 60 سال وفات پاگئے۔ 1974ء میں جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہوئے۔ پاکستان میں مختلف جماعتوں میں متعین رہے اور 1982ء میں آئیوری کوسٹ بھجوایا گیا جہاں کچھ عرصہ امیر و مشنری انچارج بھی رہے۔ 1989ء میں ایک سال برکینا فاسو بھی تعینات رہے اور پھر پاکستان واپسی ہوئی اور مختلف شہروں میں کام کیا۔ 2002ء سے تا وفات مربی ضلع اٹک کے طور پر خدمات کی توفیق پائی۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ 23/اکتوبر 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے۔ آمین

## مکرم ذوالفقار منصور صاحب آف کوئٹہ

جماعت کوئٹہ کے ایک مخلص فرد مکرم ذوالفقار منصور صاحب کو 11/اکتوبر 2009ء میں بعمر 37 فائرنگ سے راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔ انہیں 11 ستمبر کو اغوا کیا گیا۔ رقم کے مطالبہ پورا کرنے کے باوجود انہیں تشدد کرکے چہرے کو مسخ کرکے لاش ویرانے میں پھینک دی۔ آپ کوئٹہ میں کوئلے کی کانوں کے کاروبار سے منسلک تھے۔ دیانتدار کاروباری شخصیت تھے۔ صف اول کے خدام میں شمار تھا۔ بوقت وفات نائب قائد خدام الاحمدیہ سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ تھے۔ پسماندگان میں بوڑھی والدہ کے علاوہ اہلیہ ایک بیٹا اور ایک بیٹی یادگار چھوڑے۔ مورخہ 12/اکتوبر کو کوئٹہ میں جنازہ ہوا۔ ربوہ میں عام قبرستان میں امانتاً تدفین ہوئی۔ اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 23/اکتوبر 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

## مکرم محمد الشواء صاحب آف شام

شام کے ایک مخلص دوست محترم محمد الشواء صاحب ایڈووکیٹ مورخہ 14/اکتوبر 2009ء کو وفات پاگئے۔ 1950ء میں ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی۔ جماعت سے عشق و وفا کا تعلق تھا۔ حضرت مصلح موعود جب شام تشریف لے گئے تو آپ کے ساتھ ان کو لبنان جانے کا شرف حاصل ہوا۔ بہت اچھے وکیل تھے۔ نیشنل مجلس عاملہ کے رکن تھے۔ بعض جماعتی مقدمات کی پیروی بھی کی۔ عربی سیکھنے کے لئے جانے والے مربیان کی بھی بہت معاونت کی۔ حضور انور نے اپنے خطبہ 23/اکتوبر 2009ء میں آپ کے شمائل کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

## مکرم چوہدری محمد صادق صاحب واقف زندگی

مکرم چوہدری محمد صادق صاحب واقف زندگی سابق اکاؤنٹنٹ وکالت تبشیر ربوہ مورخہ 20/اکتوبر 2009ء کو بعمر 80 سال وفات پاگئے۔ اسی روز بعد نماز عصر بیت المبارک میں محترم ناظر صاحب اعلیٰ و امیر مقامی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد دعا بھی کروائی۔ آپ کو اللہ کے فضل سے 55 سال تک جماعتی خدمت کی توفیق ملی۔ 1947ء میں قادیان سے میٹرک کیا اور وقف کے لئے پیش کیا۔ یکم جنوری 1948ء کو تحریک جدید زرعی فارمز سندھ بھجوائے گئے۔ 1978ء میں ربوہ ٹرانسفر ہوئی اور 2002ء میں وکالت تبشیر سے ریٹائرمنٹ ہوئی۔ آپ 21 سال تک منتظم مال انصاراللہ مقامی رہے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ پانچ بیٹے اور چھ بیٹیاں اور ان کی کثیر اولاد چھوڑی۔ خاکسار محمد محمود طاہر آپ کا بیٹا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ نے مورخہ 28/اکتوبر 2009ء کو آپ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند کرے۔ آمین

## مکرم گیانی عبداللطیف صاحب درویش قادیان

مکرم گیانی عبداللطیف صاحب درویش ابن مکرم عبدالرحمان صاحب 20,21 نومبر 2009ء کی درمیانی شب 82 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ حضرت مصلح موعود کی تحریک پر فوج سے ریلیز ہوکر 313 درویشان میں شامل ہوئے۔ آپ نے گورمکھی کا امتحان پاس کیا ہوا تھا اس لئے گیانی کے نام سے مشہور تھے۔ پہلے دیہاتی مربی رہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد دفتر زائرین میں لمبا عرصہ خدمت کی توفیق پائی۔ قرآن کریم کے ترجمہ گورمکھی کی نظر ثانی اور پروف ریڈنگ کا کام محنت سے کیا۔ کچھ عرصہ اخبار بدر قادیان کے مینیجر بھی رہے۔ بہشتی مقبرہ قادیان کا ایک قطعہ اپنے ذمہ لیا اور اسے وقار عمل کرکے ٹھیک رکھتے۔ ہمیشہ خوش باش رہتے تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑیں۔ آپ کی اولاد بھی مختلف حیثیتوں میں خدمت کی توفیق پا رہی ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 27 نومبر 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ آپ سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور آپ کی قربانی کو قبول فرمائے۔ آمین

## مکرم رانا محمد سلیم احمد صاحب آف سانگھڑ

مکرم رانا محمد سلیم احمد صاحب ناظم انصاراللہ علاقہ سانگھڑ و نائب امیر ضلع سانگھڑ مورخہ 26 نومبر 2009ء کو معاندین نے فائرنگ کرکے راہ مولیٰ میں قربان کردیا۔ بوقت شہادت 51 سال عمر تھی۔ اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ 28 نومبر 2009ء کو ربوہ میں تدفین (امانتاً) ہوئی۔ اہلیہ کے علاوہ ایک بیٹا اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ آپ ایم اے بی ایڈ تھے اور ایک سکول چلا رہے تھے جس کے طلباء کی تعداد ایک ہزار کے قریب تھی۔ مختلف جماعتی عہدوں پر کام کیا۔ اب دوران خدمت راہ مولیٰ میں قربان ہوئے۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ 27 نومبر 2009ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

# حقیقۃ الوحی ......ایک حرفِ لاجواب

مرد و زن کے واسطے لازم ہے پڑھنا یہ کتاب
یہ حقیقت ہے وحی کی ایک حرفِ لا جواب

روشنی ہی روشنی جیسے چڑھا ہو آفتاب
یک بیک پیدا کرے دل میں انوکھا انقلاب

سہ دفعہ دی ہے اسے پڑھنے کی مہدی نے قسم
ہر کسی چھوٹے بڑے کو اک دفعہ تو کم سے کم

درد میں ڈوبی مسیحِ پاک کی یہ التماس
خوب بھڑکاتی ہے ہر دل میں اسے پڑھنے کی پیاس

اس کو پڑھنا فرض ہے سب احمدی افراد پر
تا عمل ہو مہدیِ معہود کے ارشاد پر

حرج کر کے اپنے سب اشغال کا اس کو پڑھو
اور پھر حق الیقیں کے بامِ عرفاں پر چڑھو

مادیت اور دہریت کے زہر کا تریاق ہے
اس کے کاری وار سے باطل کا سینہ چاک ہے

کشف و رویا اور الہامات کا تازہ جہاں
عبد اور معبود کے عشق و وفا کی داستاں

مہری و قہری تجلی کے نشاں ہیں بے شمار
مردہ دل کو بھی کریں جو زندگی سے ہم کنار

ابتدا میں ہے وحی کے سب حقائق کا بیاں
آبِ زم زم سے کیا گویا علاجِ تشنگاں

کیا ہے وحی الابتلا اور کیا ہے وحی الاصطفا
کیا ہلاکت کا بلعم باعور کی تھا ماجرا

کیا حدیث الرب ہے اور کیا حدیث النفس ہے
کیا وہ رحماں کی تجلی ہے کہ رجسِ نفس ہے

کون مادر زاد اندھا ہے سوجاکھا کون ہے
وصل کا شربت پیا ہے کس نے پیاسا کون ہے

الغرض ہے یہ کتابِ خاص تحفہ، لاجواب
ایک اک کر کے اٹھاتی ہے من و تو کے حجاب

یہ ہے اک سنگِ گراں جس پر گرا وہ پاش پاش
اس کی واحد ضرب سے ہوتا ہے باطل قاش قاش

منسلک ہے ساتھ اس کے دعوتِ حق کی پکار
آخری صفحات میں موجود ہیں تین اشتہار

جن میں ہر مسلم کے ہندو کے عیسائی کے لئے
بے پناہ تلقین ہے حق کی کمائی کے لئے

ایک قطرے کے برابر بھی نہیں میرا بیاں
اور تا حدِ نظر پھیلا ہے بحرِ بیکراں

اک فقیرِ بے نوا ہوں عجز کا اقرار ہے
پر قلم کے واسطے رکنا بہت دشوار ہے

نظم ہے آخر میں عرشی ''زلزلے آنے کے دن''
دیکھتے ہیں آج ہم وہ سخت گھبرانے کے دن

ہیں دھماکے ہر طرف اور آگ برسانے کے دن
بھائی کے ہاتھوں ہیں بھائی پر ستم ڈھانے کے دن

آؤ دوڑو ہیں خدا کے قرب کو پانے کے دن
ہاتھ سے نکلے چلے جاتے ہیں پچھتانے کے دن

ا۔ع۔ملک

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## درخواست دعا

۞ مکرم احسان اللہ چیمہ صاحب مربی سلسلہ نظارت اصلاح وارشاد مقامی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی خوشدامن محترمہ امۃ الرشید بیگم صاحبہ دارالبرکات ربوہ ایک عرصہ سے بوجہ دمہ شدید بیمار ہیں۔ پچھلے ہفتہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں داخل رہی ہیں۔ کمزوری بہت ہے۔ سانس لینے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ شافی مطلق اپنے خاص فضل وکرم سے معجزانہ شفاء عطا فرمائے اور صحت والی فعال زندگی سے نوازے۔ آمین

۞ مکرم سلطان احمد صاحب کارکن مدرسۃ الحفظ اطلاع دیتے ہیں۔

خاکسار کے بہنوئی مکرم محمد شریف صاحب دارالشکر ربوہ ہائی بلڈ پریشر کی تکلیف کے باعث فضل عمر ہسپتال میں داخل ہیں۔

نیز ان کی اہلیہ مکرمہ امۃ الحفیظ صاحبہ عرصہ چار سال سے بعارضہ فالج بیمار ہیں اور صاحب فراش ہیں ہر دو کیلئے احباب کی خدمت میں صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرمہ حفیظاں بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری غلام رسول صاب آدا ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ گردوں کے عارضہ اور شوگر کی وجہ سے شدید بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے کامل شفایابی کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

۞ محترمہ سعیدہ شوکت صاحبہ اہلیہ مکرم شوکت محمود صاحب صدر دہلی دروازہ ایک طویل عرصہ سے بیمار ہیں اور علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## دعائے نعم البدل

۞ مکرمہ قدسیہ چودھری صاحبہ اہلیہ مکرم نسیم احمد خان صاحب دارالرحمت شرقی بشیر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسارہ کی چھوٹی بہن مکرمہ آنسہ مدثر صاحبہ زوجہ مکرم مدثر بٹ صاحب جرمنی کو خدا تعالیٰ نے مورخہ 13 جنوری 2010ء کو پہلا بیٹا عطا فرمایا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تنزیل احمد بٹ نام عطا فرمایا تھا۔ بچہ 15 روز زندگی پاکر وفات پا گیا۔ عزیزم وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل تھا۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ والدین کو نعم البدل سے نوازے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

## امریکہ میں ماسٹرز، P.H.D سکالرشپ

۞ دی یونائیٹڈ سٹیٹ ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان نے سیشن 2011ء کیلئے فل برائٹ ایڈوانسڈ ڈگری سکالرشپس کا اعلان کیا ہے۔ ان سکالرشپس کے تحت ماسٹرز اور پی ایچ ڈی لیول پر امریکہ کے بہترین اداروں میں تعلیم دی جائے گی۔ اس سکالرشپ کیلئے Apply کرنے کیلئے آخری تاریخ 18 مئی 2010ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ

www.usefpakistan.org اور

فون نمبر 051-1111(051-11-11-8733) Usefp

(نظارت تعلیم)

## نکاح

۞ مکرم ایاز احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ صدف فردوس صاحبہ بنت مکرم طاہر احمد صاحب ٹھاکر دارالعلوم شرقی نور ربوہ کے نکاح کا اعلان مورخہ 11 فروری 2010ء کو محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی ربوہ نے بعد نماز ظہر بیت المبارک ربوہ میں مکرم محسن سلام صاحب ابن مکرم عبدالسلام صاحب جرمنی کے ساتھ /7000 یورو حق مہر پر کیا۔ مکرمہ صدف صاحبہ محترم محمد دین صاحب نمبردار چک 565 گ ب کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو محض اپنے فضل سے جانبین کیلئے ہر لحاظ سے خیر وبرکت کا موجب بنائے اور مبارک کرے۔ آمین

## ولادت

۞ مکرم محمد طاہر اقبال سیلونی صاحب نائب زعیم انصاراللہ صف دوم دارالنصر غربی منعم ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی چھوٹی ہمشیرہ مکرمہ حافظہ امۃ الاسلام صاحبہ زوجہ مکرم احمد طارق صاحب کیلگری کینیڈا کو اللہ تعالیٰ نے 2 جنوری 2010ء کو بیٹی سے نوازا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مدیحہ احمد نام عطا فرمایا ہے اور وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل فرمایا ہے جو محترم احمد شریف صاحب کیلگری کینیڈا کی پوتی اور محترم محمد حنیف مجاہد سیلونی صاحب مرحوم کی نواسی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو ماں باپ کا فرمانبردار نیک، خادمہ دین صحت وتندرستی والی لمبی عمر والی اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

## اعزاز

۞ مکرم منیر احمد بسمل صاحب نائب ناظر اشاعت تحریر کرتے ہیں۔

مکرم ڈاکٹر لئیق احمد طاہر صاحب ابن مکرم نعیم احمد صاحب سابقہ نعیم جنرل سٹور رحمت بازار ربوہ حال مقیم کینیڈا گزشتہ 15 سال میں امریکہ اور کینیڈا میں متعدد بار مختلف ٹیچنگ ایوارڈز حاصل کر چکے ہیں اور آجکل ڈال ہاوزی یونیورسٹی میں اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر اور ہسپتال میں ہیڈ ڈویژن آف ایجوکیشن کی خدمات انجام دے رہے ہیں اب ان کو ترقی دے کر ڈائریکٹر ایجوکیشن اینڈ ریسرچ فار سپیشلٹی میڈیکل ایجوکیشن کے عہدہ پر تعینات کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف محترم ماسٹر ضیاء الدین صاحب ارشد شہید کے پوتے ہیں اور احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

## نکاح

۞ مکرم انیس احمد ندیم صاحب مربی انچارج جاپان تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ ریحانہ عفت صاحبہ بنت مکرم ڈاکٹر شبیر احمد صاحب کے نکاح ورخصتی کی تقریب مورخہ 24 جنوری 2010ء کو کنری میں منعقد ہوئی۔ تقریب نکاح کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ حضرت مسیح موعود کے منظوم کلام کے بعد خاکسار نے اس کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم شفیع محمد میمن صاحب مربی سلسلہ ابن مکرم محمد صدیق میمن صاحب مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ مکرم شفیع محمد میمن صاحب مورو سندھ کے خاندان کو 1980ء کے اوائل میں بیعت کرکے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہونے کی توفیق ملی۔ دلہن کے دادا مکرم مولوی محمد صادق صاحب خاندان کے پہلے احمدی ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کیلئے باعث برکت کرے اور ہمیشہ خوش وخرم رکھے۔ آمین

## ولادت

۞ مکرم محمد سلیم جاوید صاحب سیکرٹری مال نصیر آباد رحمٰن ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کے بیٹے مکرم محمد شفیق ناصر صاحب و بہو مکرمہ صادقہ قمر صاحبہ بنت مکرم حکیم خورشید احمد صاحب مرحوم سابق صدر محلّہ ناصر آباد شرقی ربوہ کو مورخہ 6 فروری 2010ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولود کا نام تاشفین ناصر عطا فرمایا ہے نیز وقف نو کی بابرکت تحریک میں قبول فرمایا ہے۔ احباب کرام سے نومولود کی صحت و سلامتی، درازی عمر، نیک، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

## ابن بطوطہ

24 فروری 1304ء مشہور مسلمان سیاح اور جغرافیہ دان ابوعبداللہ شرف الدین بن محمد جو تاریخ میں ابن بطوطہ کے نام سے معروف ہیں کی تاریخ پیدائش ہے۔

ابن بطوطہ مراکش کے شہر طنجہ میں پیدا ہوا تھا۔ 22 سال کا تھا کہ حج کے ارادے سے پہلی مرتبہ وطن سے نکلا۔ اس کے بعد ابن بطوطہ کو سفر کا چسکا لگا اور پھر اسی شوق سیاحت میں افریقہ، روس، ترکی، جزائر شرق الہند، چین، ہندوستان، افغانستان، ایران، عراق، شام اور فلسطین کا چپہ چپہ چھان مارا۔ چار مرتبہ حج بیت اللہ سے مشرف ہوا۔

ابن بطوطہ ستمبر 1333ء میں محمد تغلق کے عہد میں ہندوستان آیا تھا۔ محمد تغلق نے اس کی بڑی آؤ بھگت کی اور قاضی کے عہدے پر فائز کیا۔ اگلے دو برس ابن بطوطہ نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کی سیر کی اور یہاں کے رسم ورواج کا بغور مطالعہ کیا۔

ابن بطوطہ نے اپنی زندگی کے 28 برس سیاحت میں بسر کئے اور 75 ہزار میل کا سفر طے کیا۔ آخر میں فاس (مراکش) کے حکمران ابوعنان نے اسے آپ بیتی لکھنے کا حکم دیا۔ تو اس نے اپنے نائب محمد بن جزی کو اپنے سفر کے حالات لکھوائے جس کا نام ''عجائب الاسفار فی غرائب الدیار'' ہے۔

1377ء میں ابن بطوطہ کا انتقال ہوا۔ تاہم اس کا سفرنامہ اسے ہمیشہ ہمیش زندہ رکھنے کے لئے کافی ہے۔

## درخواست دعا

۞ مکرم انجینئر جاوید اقبال صاحب وینس کیلگری کینیڈا تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری محمد دین صاحب وینس مرحوم دارالرحمت وسطی ربوہ حال مقیم امریکہ سخت بیمار ہیں اور ہسپتال میں داخل ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں ان کی کامل صحت یابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

۞ مکرم محمد ارشد قریشی صاحب دارالرحمت وسطی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ ہماری پیاری بہن مکرمہ رشیدہ اختر صاحبہ اہلیہ مکرم عبدالرشید صاحب درویش مرحوم آف گوجرانوالہ آجکل جرمنی کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ بیماری تشویشناک صورت اختیار کرگئی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا ان کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا کرے۔ آمین

## مورچری کی سہولت

۞ احباب جماعت کو اطلاع دی جاتی ہے کہ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مورچری (Mortuary) کی یعنی میت کو سردخانہ میں رکھنے کی سہولت موجود ہے۔ ایسی صورت میں جب کہ میت کو مورچری میں رکھنا ضروری ہو تو امیر صاحب جماعت/صدر صاحب محلّہ کی تصدیق سے اس سہولت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## درخواست دعا

محترم چوہدری محمد علی صاحب وکیل التصنیف ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

محترم شیخ رحمت اللہ صاحب کراچی شدید بیمار ہیں۔خون دیا جارہا ہے۔احباب سے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل اور رحم کے ساتھ جماعت کے اس بزرگ خادم کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔آمین

## ولادت

مکرم سلطان احمد ظفر صاحب مجلس ناظم انصاراللہ ضلع ساہیوال اطلاع دیتے ہیں۔

مورخہ 21 جنوری 2010ء کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کے اکلوتے بیٹے مکرم عدنان احمد ظفر صاحب کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت فوزان احمد ظفر نام عطا فرمایا ہے جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم مبارک احمد شاہد صاحب لندن کا نواسہ ہے۔احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک، دین کا خادم اور والدین کیلئے قرة العین بنائے۔آمین

## فری مٹاپا کیمپ

فضل عمر ہسپتال میں فری مٹاپا کیمپ مورخہ 25فروری 2010ء کو بوقت 10:00 بجے تا دوپہر 1:30 بجے آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں لگایا جائے گا۔ اس کیمپ میں جدید مشینوں کے ذریعہ ماہر ڈاکٹرز کی زیرنگرانی جسم میں چربی اور پٹھوں کی مقدار جانچنے/ دوا اور خوراک تجویز کرنے میں مدد مل سکے گی۔احباب و خواتین اس کیمپ سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

# خبریں

### تھنک ٹینک کے قیام پر گیلانی، نواز اتفاق

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ قیادت نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنے کیلئے دونوں جماعتوں کے تھنک ٹینکس باہمی مشاورت سے لائحہ عمل طے کریں گے۔وزیراعظم کی رائے ونڈ میں شریف برادران سے ملاقات ، وزیراعظم نے میثاق جمہوریت پر مکمل عملدرآمد کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کو 23 مارچ سے قبل 17ویں ترمیم کے خاتمے کی خوشخبری دیں گے۔پیپلز پارٹی مفاہمت کی پالیسی کو ہر صورت میں آگے بڑھائے گی۔

### مینگورہ، فورسز کے قافلے پر خودکش حملہ، 11 افراد جاں بحق

وادی سوات کے شہر مینگورہ کے نشاط چوک میں سٹی پولیس سٹیشن کے قریب سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر خودکش حملے سے 4 اہلکاروں اور تین خواتین سمیت 11 افراد جاں بحق اور 35 زخمی ہو گئے۔ بمبار کی عمر 21 سال بتائی گئی ہے۔ دھماکہ میں


دارالصدر میں پلاٹ خریدنے کا سنہری موقعہ
دارالصدر شمالی میں ایک پلاٹ تقریباً 10 مرلے نزد کوٹھی حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ برائے فروخت ہے
برائے رابطہ ربوہ: 0321-7712480
برائے رابطہ لاہور: 0300-8443234

مکان برائے فروخت
ایک عدد مکان 3/18 دارالصدر شرقی عقب فضل عمر ہسپتال برقبہ دس مرلے میں سے 5 مرلے فروخت کرنا مقصود ہے۔ضرورت منداحباب نظارت امور عامہ سے رابطہ کریں۔

☆ ربوہ میں پہلی مرتبہ ☆ ہر سٹوڈنٹ کی ضرورت
گائیڈنیس اینڈ سپرویژن ٹیوشن
کسی بھی لیول کے کسی امتحان میں
اپنا ٹارگٹ پانے کی 100% ضمانت
رابطہ نمبر: 0334-6372030

داخلہ نرسری کلاس شروع
نرسری کلاس میں داخلہ شروع ہو چکا ہے۔سیٹیں مکمل ہونے پر داخلہ بند ہو جائے گا۔نئی نرسری کلاس یکم مارچ 2010ء سے شروع ہوگی۔
فیوچر ریس اکیڈمی 0332-7057097 047-6213194

آندرے آس لینگوئج انسٹیٹیوٹ
جرمن زبان سیکھئے گوئٹے انسٹیٹیوٹ سے سند یافتہ ٹیچر
اور اب لاہور کراچی ٹیسٹ کی تیاری کیلئے بھی تشریف لائیں۔
(1) کورس دو ماہ -/4000 ماہانہ (2) کورس تین ماہ -/6000 ماہانہ (3) صرف تیاری ٹیسٹ ایک ماہ -/4000
برائے رابطہ: طارق شبیر دارالرحمت غربی ربوہ
03336715543, 03007702423, 0476213372

مغل بینکوئیٹ ہال
ایک نام ایک معیار مناسب دام
کشادہ حال 350 مہمانوں کے بیٹھنے کی گنجائش
لیڈیز ہال میں لیڈیز ورکرز کا انتظام
کھانوں کے اعلیٰ معیار اور بہترین سروس کی ضمانت دی جاتی ہے
پروپرائٹر محمد عظیم احمد فون: 6211412,03336716317

ربوہ میں طلوع وغروب 24۔فروری

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:15 |
| طلوع آفتاب | 6:40 |
| زوال آفتاب | 12:22 |
| غروب آفتاب | 6:04 |

❖ اکسیر بلڈ پریشر ❖
ایک ایسی دوا جس کے دو تین ماہ استعمال سے ہائی بلڈ پریشر اللہ کے فضل سے مکمل طور پر ختم ہو جاتا ہے اور دواؤں کے مستقل استعمال سے جان چھوٹ جاتی ہے
فی ڈبی چھوٹی -/40 روپے بڑی -/110 روپے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434,Fax:6213966

ڈاکٹر صاحب یورپ کے کامیاب دورہ کے بعد واپس تشریف لے آئے ہیں
ناصر ہومیو کلینک اینڈ سٹور
کالج روڈ ربوہ بالمقابل جدید پریس ربوہ
0300-7713148

لہنگا ساڑھی بنارسی برائیڈل سوٹنگ
نوٹ: تمام شہروں کے ساتھ ریٹ کی گارنٹی
ورلڈ فیبرکس ملک مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
03336550796

اعلان داخلہ
ہر قسم کے کمپیوٹر شارٹ کورسز اور نرسری تا انٹرمیڈیٹ کے مضامین کی ٹیوشن کے نئے گروپس میں داخلہ جاری ہے۔
سٹی اکیڈمی آف پروفیشنل سٹڈیز دارالعلوم جنوبی نزد گول چوک ربوہ
PH:047-6211607Cell0345-7561638

ECL APX ایکسپریس کوریئر سروس
کی جانب سے خوشخبری
UK+ جرمنی+ کینیڈا+ آسٹریلیا+ امریکہ اور دیگر ممالک میں چھوٹے بڑے پارسل بھجوانے کیلئے اب پہلے سے بھی تیز سروس کم ریٹوں پر مت جائیں
اعلیٰ سروس ہماری پہچان
دفتر: نزد ایوان محمود اقصیٰ روڈ ربوہ
فون: 0476214955، 047-6214956
دفتر: GLS فیصل آباد: 041-2628786
شیخ زاہد محمود 0321-7915213

FD-10

Dr. Waqar's HOUSE OF HEALTH
WHERE HEALTH IS IN ITS PURE SHAPE
جدید جاپانی انداز پر خالصتاً ہومیو پیتھک کلینک جہاں پر تمام بیماریوں کا علاج امپورٹڈ ادویات سے کیا جاتا ہے۔
بیرون ملک مقیم خواتین و حضرات کے لئے مفت مشورہ اور ادویات کی ترسیل بذریعہ DHL تفصیلات کے لئے رابطہ کریں
جعلی اور ملاوٹ بھری ادویات والی ہومیو پیتھک کلینک سے بہتر ہے کہ ہومیو پیتھک علاج نہ کروائیں
جاپانی ماہرین کی زیرنگرانی پاکستان میں پہلی بار آکسیجن تھراپی / زیرنگرانی پروفیسر ڈاکٹر منصور احمد وقار
ہیپاٹائٹس B اور C کا شرطیہ علاج
دمہ کا انشاءاللہ مکمل خاتمہ
موٹاپہ 15 دن میں دس پاؤنڈ وزن کم
خواتین کے تمام امراض لیڈی ڈاکٹر کی زیرنگرانی
جوڑوں کا درد اور اعصابی کمزوری کا شافی علاج
ہاؤس آف ہیلتھ ہومیو پیتھک کلینک جاپانی ماہرین کی مدد سے جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ تمام قسم کے لیب ٹیسٹ، الٹراساؤنڈ اور ECG بھی موجود ہے۔
7,8 Stores Market, A-Block Model Town, Lahore. Ph: 042-35915933-4 E-mail: info@thehoh.com, Website: www.thehoh.com